[ AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

BILL

*to amend the National University of Pakistan Act, 2023*

WHEREAS it is expedient to amend the National University of Pakistan Act, 2023 (XV of 2023) for the purpose hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:

1. **Short title and commencement.** _ (1) This Act shall be called the National University of Pakistan (Amendment) Act, 2026

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of Section 12, Act XV of 2023.** _ In the National University of Pakistan Act, 2023 ( XV of 2023), in section 12, for sub-section (6), the following shall be substituted, namely: -

> "(6) A Rector shall be appointed for a tenure of three years, on such terms and condition as the Board may determine or as prescribed by the statutes:
>
> Provided that the tenure of the incumbent Rector, upon completion of three years, may be renewed yearly upto another period of two years, by the Chairman after passage a resolution by the Board supporting of such renewal, in the manner as may be prescribed:
>
> Provided further that the Chairman may call upon the Board to reconsider such resolution once.".

16/1/26

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The National University of Pakistan Act was enacted on 18 April, 2023 for creation and development of a single platform to Forty-Five (45) x Colleges providing quality education to more than Two Lac (200,000) students across the country under the umbrella of Federal Government Educational Institutions (FGEI) Directorate. National University of Pakistan (NUP), Islamabad is established to cater for the needs as primarily arisen from the issues and challenges like different schemes of studies, different admission / examination in policies and varied evaluation/grading criteria thus leading to problems for students studying in FG Colleges during their migration to other universities. The university aims to be a model university to strengthen and standardize BS Programs across the country in FG Degree Colleges presently affiliated with seven (7) x regional universities. Moreover, affiliation with private sector universities is financially not viable for FGEI Colleges. As far as provincial universities are concerned, they only offer affiliation to the colleges within the provincial territorial limits.

Consequent upon enactment of the Charter of NUP, the Rector was appointed on 7th Sep, 2023 to administer initial functioning of the University and ensure observance of the provisions of the Act under Section 12 (6), for renewable terms of four (04) years.

The Chairman Board of Governors (BoG) has suggested amendment in Section 12 (6) of the Act, "A Rector shall be appointed for a tenure of three years, on such terms and conditions as the Board may determine or as prescribed by the statues. Provided that the tenure of the incumbent Rector, upon completion of three years, may be renewed yearly upto another period of two years, by the Chairman after passage of a resolution by the Board supporting of such renewal, in the manner as may be prescribed. Provided further that the Chairman may call upon the Board to reconsider such resolution once." The amendment is justified for smooth functioning of the university.

(Khawaja Muhammad Asif)
Minister for Defence

The Secretary,
National Assembly Secretariat, Islamabad

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لیے]

# نیشنل یونیورسٹی آف پاکستان ایکٹ، ۲۰۲۳ء میں ترمیم کرنے کا

# بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ نیشنل یونیورسٹی آف پاکستان ایکٹ، ۲۰۲۳ء (ایکٹ نمبر ۱۵ مجریہ ۲۰۲۳) میں بعدازیں ظاہر ہونیوالی اغراض کیلئے ترمیم کی جائے؛

لہٰذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:-

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔**(۱) ایکٹ ہذا نیشنل یونیورسٹی آف پاکستان (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۶ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۱۵ مجریہ ۲۰۲۳، دفعہ ۱۲ کی ترمیم:-** نیشنل یونیورسٹی آف پاکستان ایکٹ، ۲۰۲۳ء (ایکٹ نمبر ۱۵ مجریہ ۲۰۲۳) کی دفعہ ۱۲ میں، ذیلی دفعہ (۲) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:-

(۲) ریکٹر کا تقرر تین سال کی مدت کے لیے ایسے شرائط وضوابط پر کیا جائے گا جو بورڈ مقرر کرے یا جو قوانینِ جامعہ میں مقرر کیے گئے ہوں:

بشرطیکہ موجودہ ریکٹر کی تین سالہ مدت مکمل ہونے پر، بورڈ کی ایسی تجدید کی حمایت میں قرارداد منظور ہونے کے بعد، چیئرمین کی جانب سے، مقررہ طریقۂ کار کے مطابق، مزید زیادہ سے زیادہ دو سال کی مدت کے لیے ہر سال بنیاد پر اس کی مدتِ تعیناتی میں تجدید کی جاسکے گی:

مزید شرط یہ ہے کہ چیئرمین، بورڈ کو ایسی قرارداد پر ایک مرتبہ دوبارہ غور کرنے کے لیے کہہ سکے گا۔

## بیان اغراض و وجوہ

نیشنل یونیورسٹی آف پاکستان ایکٹ، ۲۰۲۳ء مورخہ ۱۸/اپریل ۲۰۲۳ء کو ملک بھر میں وفاقی حکومت کے تعلیمی ادارہ جات (ایف جی ای آئی) ڈائریکٹوریٹ کے زیرِ انتظام پینتالیس کالجوں کو ایک واحد پلیٹ فارم پر لاکر معیاری تعلیم کی فراہمی اور ان کی ترقی کے لیے نافذ کیا گیا تھا، جہاں دو لاکھ سے زائد طلبہ زیرِ تعلیم ہیں۔

نیشنل یونیورسٹی آف پاکستان (این یو پی)، اسلام آباد کا قیام بنیادی طور پر ان مسائل اور چیلنجز سے نمٹنے کے لیے عمل میں لایا گیا جو مختلف نصابِ تعلیم، داخلہ و امتحانات کی مختلف پالیسیوں اور طلبہ کی جانچ و درجہ بندی کے مختلف معیارات کے باعث پیدا ہوتے ہیں، جس کے نتیجے میں وفاقی حکومت کے کالجوں میں زیرِ تعلیم طلبہ کو دوسری جامعات میں منتقلی کے دوران مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

یونیورسٹی کا مقصد ایک ایسی مثالی جامعہ کا قیام ہے جو ملک بھر میں وفاقی حکومت کے ڈگری کالجوں میں بی ایس پروگرامز کو، جو اس وقت سات (۷) علاقائی جامعات سے منسلک ہیں، مستحکم اور یکساں معیارات کے مطابق بنانے میں معاون ثابت ہو۔ مزید برآں، نجی شعبے کی جامعات سے الحاق وفاقی حکومت کے تعلیمی ادارہ جات کے کالجوں کے لیے مالی طور پر قابل عمل نہیں ہے۔ جہاں تک صوبائی جامعات کا تعلق ہے، وہ صرف اپنے متعلقہ صوبوں کی علاقائی حدود کے اندر واقع کالجوں کو الحاق فراہم کرتی ہیں۔

نیشنل یونیورسٹی آف پاکستان کے چارٹر کے نفاذ کے نتیجے میں، یونیورسٹی کے ابتدائی امور چلانے اور ایکٹ کی دفعہ ۱۲ کی ذیلی دفعہ (۶) کے تحت اس کی دفعات پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے ۷ ستمبر ۲۰۲۳ء کو ریکٹر کا تقرر کیا گیا، جس کی مدتِ تعیناتی چار سال تھی اور جس میں تجدید کی گنجائش تھی۔

بورڈ آف گورنرز (بی او جی) کے چیئرمین نے ایکٹ کی دفعہ ۱۲ کی ذیلی دفعہ (۶) میں ترمیم کی تجویز دی ہے، جس کے تحت ریکٹر کا تقرر تین سال کی مدت کے لیے ایسے شرائط و ضوابط پر کیا جائے گا جو بورڈ مقرر کرے، یا جو قوانینِ جامعہ میں مقرر کیے گئے ہوں:

بشرطیکہ موجودہ ریکٹر کی تین سالہ مدت مکمل ہونے پر، بورڈ کی ایسی تجدید کی حمایت میں قرارداد منظور ہونے کے بعد، چیئرمین کی جانب سے، مقررہ طریقۂ کار کے مطابق، مزید زیادہ سے زیادہ دو سال کی مدت کے لیے ہر سال بنیاد پر اس کی مدتِ تعیناتی میں تجدید کی جا سکے گی:

مزید بشرطیکہ چیئرمین بورڈ کو ایسی قرارداد پر ایک مرتبہ دوبارہ غور کرنے کے لیے کہہ سکے گا۔

یونیورسٹی کے امور کی بلا تعطل اور ہموار انجام دہی کو یقینی بنانے کے لیے مذکورہ ترمیم کا جواز موجود ہے۔

(خواجہ محمد آصف)

وزیر دفاع